the women's
the royal women's hospital

# ہسٹروسکوپی

آؤٹ پیشنٹس کے لیے معلومات

**ہسٹروسکوپی ایک ایسا طریقہ کار ہے جو آپ کے ماہر امراض نسواں (گائناکالوجسٹ) کو آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) کو اندر سے دیکھنے کے قابل بناتا ہے۔ ہم اس کا استعمال یہ جاننے کے لیے کرتے ہیں کہ آیا آپ کو صحت کا کوئی مسئلہ درپیش ہے یا پھر یہ فیصلہ کرنے کے لیے ایسا کرتے ہیں کہ آپ کو کس قسم کے علاج کی ضرورت ہو سکتی ہے۔**

ہم آپ کے لیے آؤٹ پیشنٹ طریقہ کار کے طور پر آپ کے ہوش میں رہتے ہوئے ہسٹروسکوپی کرنا چاہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنی اپائنٹمنٹ کے لیے آئیں گی اور اسی دن گھر چلی جائیں گی۔

## آپ کو ہسٹروسکوپی کی کب ضرورت پڑ سکتی ہے؟

ہمیں درج ذیل وجوہات کا تعین کرنے میں مدد کے لیے آپ کو ہسٹروسکوپی (رحم کے اندرونی معائنہ) کی ضرورت پڑ سکتی ہے:

- بانجھ پن
- زیادہ خون آنے والے یا بے قاعدہ ایام (پیریڈز)
- مینوپاز کے بعد خون آنا
- اسقاط حمل
- ایک انٹرا یوٹرائن ڈیوائس (IUD) کا پھنس جانا۔

ہم اسے تشخیصی ہسٹروسکوپی کہتے ہیں۔ تشخیصی ہسٹروسکوپی میں چند منٹ لگتے ہیں۔

آپ کو ہسٹروسکوپی کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ ہم:

- فائبرائڈز (fibroids) یا پولپس کو (polyps) ہٹا سکیں
- آپ کی IUD کو نکال سکیں۔

ہم اسے علاج والی ہسٹروسکوپی (ٹریٹمنٹ ہسٹروسکوپی) کہتے ہیں۔ علاج والی ہسٹروسکوپی میں 10 منٹ سے کچھ زیادہ وقت لگ سکتا ہے۔

## ہسٹروسکوپی کے لیے کیسے تیار ہوں

ہسٹروسکوپی کرواتے وقت اگر آپ کو ایام (پیریڈز) ہو رہے ہیں تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔

اگر آپ کے حاملہ ہونے کا کوئی بھی امکان ہے تو آپ ہسٹروسکوپی نہیں کروا سکتیں۔

آپ کی ہسٹروسکوپی کے دن، ہم تجویز کرتے ہیں کہ آپ درد سے نجات کی کوئی دوا لیں۔ اپنی اپائنٹمنٹ سے تقریباً آدھا گھنٹہ پہلے پیراسیٹامول (paracetamol) یا آئبوپروفین (ibuprofen) لیں۔

جب آپ اپنی اپائنٹمنٹ پر آئیں گی، تو ایک ڈاکٹر آپ کو بتائے گا کہ کیا ہونے والا ہے۔ آپ کوئی بھی سوال پوچھ سکتی ہیں۔

## جب آپ کی ہسٹروسکوپی ہوتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟

ہم آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) کے اندر دیکھنے کے لیے ایک ہسٹروسکوپ کا استعمال کرتے ہیں۔ ایک ہسٹروسکوپ ایک پتلی دوربین کی طرح ہوتا ہے جس کے سرے پر کیمرہ لگا ہوتا ہے۔

جب آپ کی ہسٹروسکوپی ہوتی ہے تو ہسٹروسکوپ کو آپ کی اندام نہانی (وجائنا) کے ذریعے آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) میں داخل کیا جائے گا۔

ہسٹروسکوپ ہمیں تصویریں دکھائے گا کہ آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) کے اندر کا حصہ کیسا لگتا ہے۔

اگر ہمیں ٹیسٹنگ کے لیے نمونے (سیمپل) کی ضرورت ہوئی، تو ہم:

- آپ کی اندام نہانی (وجائنا) کے ذریعے ایک اسپیکولم داخل کریں گے
- اسپرے یا انجکشن کے ذریعے، آپ کو ایک مقامی بے حس کرنے والی دوا (لوکل اینستھیٹک) دیں گے
- آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) کی اندرونی تہہ سے نمونہ لینے کے لیے صواب (swab) کا استعمال کریں گے
- نمونے کو پیتھالوجی میں بھیجیں گے۔

آپ ہسٹروسکوپی کے دوران جاگ رہی ہوں گی۔ اگر آپ چاہیں تو، آپ دیکھ سکتی ہیں کہ کیا ہو رہا ہے۔

بعض اوقات ہسٹروسکوپ کو آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) میں داخل کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے، تو ہم سکون آور دوا (سیڈیشن) یا عام بے ہوشی (جنرل اینستھیٹک) کے ساتھ دوبارہ کوشش کرنے کے لیے ایک اور اپائنٹمنٹ بُک کریں گے۔

## آپ کی ہسٹروسکوپی کے بعد

ڈاکٹر وضاحت کرے گا کہ اس نے کیا دیکھا۔ آپ اس سے کوئی بھی ایسا سوال پوچھ سکتی ہیں جو آپ کے ذہن میں ہو۔

اگر ہم نے نمونہ لیا ہے تو آپ کو ٹیسٹ کے نتائج کے لیے کچھ ہفتے انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ کو دیگر اپائنٹمنٹس کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ کو بتائیں گے:

- اپنے ڈاکٹر یا جی پی (GP) کے ساتھ نتائج دیکھنے کے لیے
- مزید علاج یا ٹیسٹس کے لیے دی ویمنز (the Women's) میں موجود گائناکالوجی کلینکس میں۔

اگر آپ کو گائناکالوجی کلینک میں واپس آنے کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ کے لیے اپائنٹمنٹ لیں گے۔

ڈاکٹر کے آپ سے بات کرنے کے بعد اور جب آپ جانے کے لیے تیار محسوس کریں تو آپ گھر جا سکتی ہیں۔

## جب آپ ہسٹروسکوپی کرواتی ہیں تو کیا اس میں خطرات ہوتے ہیں؟

جب آپ کی ہسٹروسکوپی ہوتی ہے تو کچھ چھوٹے خطرات ہوتے ہیں۔ کچھ لوگوں کو یہ ہو سکتا ہے:

- خون آنا
- سوراخ (perforation) ہونا یا آپ کی بچہ دانی (یوٹرس) کی دیوار میں سوراخ ہو جانا
- انفیکشن۔

ہم کسی بھی پیچیدگی میں آپ کی مدد کریں گے۔

## ہسٹروسکوپی کے بعد آپ کو کیا علامات ہو سکتی ہیں؟

زیادہ تر لوگوں کو ہسٹروسکوپی کے بعد صرف ہلکی سی اینٹھن (cramps) ہوتی ہے۔

آپ کو کچھ دیگر علامات ہو سکتی ہیں:

- بے ہوشی محسوس ہونا
- ایام (پیریڈز) کے درد جیسی اینٹھن
- خون آنا
- متلی
- تھکاوٹ
- پٹھوں میں درد
- آپ کے کندھے میں درد۔

## آپ کے گھر جانے کے بعد

آپ کو اپنی ہسٹروسکوپی کے بعد گھر لے جانے کے لیے کسی کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر آپ چاہیں تو کسی کو اپنے ساتھ لا سکتی ہیں۔

اگر ہمیں لگا کہ آپ کو گھر لے جانے کے لیے کسی کی ضرورت ہے، تو ہم آپ کے پروسیجر والے دن انہیں کال کریں گے۔

آپ اپنی معمول کی جسمانی سرگرمی کی طرف واپس جا سکتی ہیں:

- کسی بھی قسم کا خون آنا بند ہونے کے بعد
- جب آپ کافی بہتر محسوس کریں۔

آپ 2 ہفتوں کے بعد اپنی معمول کی جنسی سرگرمی کی طرف واپس جا سکتی ہیں۔

## اگر آپ کو طبی مدد کی ضرورت ہے

اگر آپ اپنی علامات کے بارے میں فکر مند ہیں، تو آپ:

- اپنے ڈاکٹر سے بات کر سکتی ہیں
- اپنے قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ جا سکتی ہیں۔

اگر ہنگامی صورتحال (ایمرجنسی) ہے، تو ٹرپل زیرو (000) پر کال کریں۔

## کیا آپ کو ایک مترجم (انٹرپریٹر) کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو ایک مترجم (انٹرپریٹر) کی ضرورت ہے تو آپ اس کی درخواست کر سکتی ہیں۔

## خاندانی تشدد کی سپورٹ (فیملی وائلنس سپورٹ)

**Respect 1800 نیشنل ہیلپ لائن**

اگر آپ نے جنسی حملے، گھریلو یا خاندانی تشدد اور زیادتی کا سامنا کیا ہے تو آپ مدد حاصل کر سکتی ہیں۔
آپ دن یا رات کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1800 737 732
1800respect.org.au

## مزید معلومات کے لیے

ہمارا حقائق نامہ (فیکٹ شیٹ)
ہسٹروسکوپی - ہوش کی حالت میں آؤٹ پیشنٹ پروسیجر کے بعد صحت یابی
thewomens.org.au/health-information/fact-sheets#hysteroscopy-your-recovery-after-an-awake-outpatient-procedure پڑھیں

دی ویمنز (the Women's) میں گائناکالوجی کلینکس
(03) 8345 3033
thewomens.org.au

نرس آن کال (Nurse on Call)
آپ عمومی مشورے اور معلومات کے لیے نرس آن کال کو کال کر سکتی ہیں۔
آپ دن اور رات کسی بھی وقت کال کر سکتی ہیں۔
1300 60 60 24

**اعلانِ دستبرداری:** یہ حقائق نامہ (فیکٹ شیٹ) صرف عمومی معلومات فراہم کرتا ہے۔ اپنی صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات کے بارے میں مخصوص مشورے کے لیے، آپ کو اپنے ہیلتھ پروفیشنل سے مشورہ لینا چاہیے۔ دی رائل ویمنز ہسپتال کسی ہیلتھ پروفیشنل سے ملنے کے بجائے اس حقائق نامے (فیکٹ شیٹ) پر آپ کے انحصار سے پیدا ہونے والے کسی بھی نقصان یا تباہی کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اگر آپ کو فوری طبی امداد کی ضرورت ہے، تو براہ کرم اپنے قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔
© دی رائل ویمنز ہسپتال2026